ریزرو بینک آف انڈیا
ویب سائٹ:www.rbi.org.in

31 مئی، 2018

آر بی آئی 181/2017-2018
ڈی این بی آر (پی ڈی) سی سی نمبر 092/03.10.001/2017-18

سبھی گورنمنٹ این بی ایف سی ز

محترم/محترمہ،

## سرکاری ملکیت والی غیر بینکنگ مالیاتی کمپنیوں کو منظور رعایتیں واپس لی گئیں

سرکاری ملکیت والی این بی ایف سی ز جن کی تعریف کمپنیز ایکٹ، 2013 (کمپنیز ایکٹ، 1956 کا سیکشن 617) کے سیکشن 2 کی کلاز (45) میں کی گئی ہے اور جو آر بی آئی میں این بی ایف سی ز کی حیثیت سے رجسٹرڈ ہیں موجودہ وقت میں مندرجہ ذیل ریگولیٹری اور اسٹیچوٹری قوانین سے مستثنیٰ ہیں۔

(i) آر بی ایکٹ، 1934 کے سیکشن 45-IB اور 45-IC

(ii) ماسٹر ڈائریکشن ۔ غیر مالیاتی کمپنی ۔ اصولی طور پر مخصوص غیر جمع حصول کمپنی ۔ اور جمع حصول (ریزرو بینک) ڈائریکشنس، 2016 اینڈ ماسٹر ڈائریکشن ۔ غیر بینکنگ مالیاتی کمپنی ۔ غیر اصولی مخصوص غیر جمع حصول کمپنی (ریزرو بینک) ڈائریکشنس، 2016 (ان ڈائریکشنس کے پیراگراف 23 کے پراویزنس کے علاوہ)

(iii) ماسٹر ڈائریکشن ۔ غیر بینکنگ مالیاتی کمپنیاں پبلک ڈپازٹس حصول (ریزرو بینک) ڈائریکشنس، 2016 (ان ڈائریکشنس کے پیراگراف 36-37 اور 41 کے علاوہ)

2- ان پر نظر ثانی کے بعد یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ اس سرکلر کے اینکزر میں دی ہوئی مدت کے مطابق این بی ایف سی ز سے متعلق سبھی قوانین کو سرکاری ملکیت کی سبھی این بی ایف سی ز پر بھی لاگو کیا جائے۔ سرکاری این بی ایف سی ز جو پہلے سے ہی ان مخصوص قوانین پر عمل پیرا ہیں جیسا کہ انھوں نے اپنے پیش کردہ روڈ میپ میں بتایا ہے ان پر ہی عمل کرنا جاری رکھیں گی۔

3- ماسٹر ڈائریکشن، آر بی ایکٹ، 1934 کے پراویزنس پر چھوٹ، غیر بینکنگ مالیاتی کمپنیاں ۔ غیر اصولی مخصوص ۔ غیر جمع حصول کمپنی (ریزرو بینک) ڈائریکشنس، 2016 ۔ غیر بینکنگ مالیاتی کمپنیاں ۔ حصولی طور پر مخصوص غیر جمع حصول کمپنی اور جمع حصول کمپنی (ریزرو بینک) ڈائریکشنس، 2016 اور غیر بینکنگ مالیاتی کمپنیاں ۔ پبلک جمع کا حصول (ریزرو بینک) ڈائریکشنس، 2016 کو اپ ڈیٹ کر دیا گیا ہے۔

4- آر بی ایکٹ، 1934 کے سیکشن 45NC کے تحت رعایتوں میں چھوٹ واپسی سے متعلق ضروری نوٹیفکیشن الگ سے جاری کیا جائے گا۔

آپ کا مخلص

(منورنجن مسرا)

چیف جنرل منیجر

| نارم | دیگر این بی ایف سی ز کے لئے<br>موجودہ پراویزنس | گورنمنٹ این بی ایف سی ز<br>ٹائم لائن |
|---|---|---|
| | پروڈینشیل ریگولیشن | |
| انکم رکگنیشن | مجوزہ طور پر | بیلنس شیٹ مورخہ 31 مارچ، 2019 |
| اثاثوں کی درجہ بندی | این بی ایف سی ۔ این ڈی ایس آئی<br>اینڈ این بی ایف سی زڈی ۔ 90 دن نارم<br>این بی ایف سی ز ۔ این ڈی ۔ 180 دن نارم | این بی ایف سی ۔ این ڈی ایس آئی اینڈ این بی ایف<br>سی زڈی<br>120 دن ۔ مارچ 31، 2019<br>90 دن ۔ مارچ 31، 2020<br>این بی ایف سی ز ۔ این ڈی مارچ 31، 2019 |
| عبوری ضروریات | این پی اے ز کے لئے ۔ جیسا کہ ڈائریکشن میں بتایا<br>گیا ہے<br>معیاری اثاثہ جات کے لئے<br>این بی ایف سی ۔ این ڈی ایس آئی<br>اینڈ این بی ایف سی زڈی ۔ 0.40%<br>این بی ایف سی ز ۔ این ڈی ۔ 0.25% | 31 مارچ، 2019 تک ۔ مجوزہ ضروریات کا<br>100% |
| این ڈی ایس آئی اور این بی ایف سی ۔ ڈی پر<br>مناسب سرمایہ لاگو | سی آر اے آر ۔ 15%<br>ٹیئر 1 - 10% | 10% (منیمم ٹیئر-1-7%) 31 مارچ، 2019<br>12% (منیمم ٹیئر-1-8%) 31 مارچ، 2020<br>13% (منیمم ٹیئر-1-9%) 31 مارچ، 2021<br>15% (منیمم ٹیئر-1-10%) 31 مارچ، 2022 |
| لیوریج تناسب | این بی ایف سی ۔ این ڈی پر لاگو | سرکاری این بی ایف سی ز کے ذریعہ ضابطہ کا روڈ<br>میپ 31 مارچ، 2022 تک تیار کیا جائے |
| کریڈٹ/شرمایہ کاری پر پورا دھیان | تجویز کے مطابق | سرکاری کمپنیاں جو مخصوص سیکٹر میں کام کرنے کے<br>لئے بنائی گئی ہیں ریزروبینک سے رعایت حاصل<br>کرنے کے لئے رابطہ قائم کریں ۔ دیگر کے لئے<br>31 مارچ، 2022 تک کی بیلنس شیٹ کے لئے<br>ٹائم لائن بنانا |
| | دیگر | |
| کارپوریٹ گورنینس وغیرہ | تجویز کے مطابق | 31 مارچ، 2019 کی بیلنس شیٹ |
| بزنس ریگولیشنس کوڈ (فیئر پریکٹس کوڈ) | تجویز کے مطابق | 31 مارچ، 2019 کی بیلنس شیٹ |

| نارم | دیگر این بی ایف سی ز کے لئے<br>موجودہ پراویژنس | گورنمنٹ این بی ایف سی ز<br>ٹائم لائن |
|---|---|---|
| | ڈپازٹسن کے حصول کے لئے ہدایات | |
| ڈپازٹس ڈائریکشنس | ☆عوام سے ڈپازٹس کے حصول کی منظوری کے لئے انویسٹمنٹ گریڈ کریڈٹ ریٹنگ ۔31 مارچ، 2019<br>☆ایک سرکاری این بی ایف سی جس کے پاس انویسٹمنٹ گریڈ کریڈٹ ریٹنگ ہو وہ اپنے این او ایف (اپنا خود کا فنڈ) کا 1.5 ٹائم ڈپازٹس لے سکتی ہے۔سرکاری این بی ایف سی جس کے پاس لمٹ سے زیادہ ڈپازٹس ہیں وہ نہ تو مزید ڈپازٹس لے سکتی ہے اور نہ ہی پرانے ڈپازٹس کی تجدید کر سکتی ہے جب تک ڈپازٹس لمٹ میں نہ آجائیں وہ پرانے ڈپازٹس کو ان کی میچورٹی تک رکھ سکتی ہے۔<br>☆دیگر سبھی ہدایات 31 مارچ، 2019 کی بیلنس شیٹ سے لاگو ہوں گی۔ | این بی ایف سی ۔ڈی کے لئے تجویز شدہ |
| | اسٹیچوٹری پراویژنس | |
| سیکشن 45-1B | آؤٹ اسٹینڈنگ ڈپازٹس کا 15%۔<br>اثاثہ کا تناسب برقرار رکھنا | 31 مارچ، 2019۔آؤٹ اسٹینڈنگ ڈپازٹس کا 5%<br>31 مارچ، 2020۔آؤٹ اسٹینڈنگ ڈپازٹس کا 10%<br>31 مارچ، 2021۔آؤٹ اسٹینڈنگ ڈپازٹس کا 12%<br>31 مارچ، 2022۔آؤٹ اسٹینڈنگ ڈپازٹس کا 15% |
| سیکشن 45-1C | ریزرو فنڈ | 31 مارچ، 2019 |